# چانسلر کا ضابطہ

نمبر: A-650
موضوع: فلی مارکیٹس
زمرہ: طلبا
جاری کردہ: 29 جون، 2009

## تبدیلیوں کا خلاصہ

یہ ضابطہ چانسلر کے ضابطے A-650، مورخہ 1 مئی، 1998 کی جگہ لے رہا ہے۔

یہ ضابطہ ایسی شرائط قائم کرتا ہے جن کے تحت نیویارک شہر محکمئہ تعلیم (DOE) کی املاک پر پبلک اسکولوں کو فائدہ پہنچانے کے حصولِ سرمایہ کے بنیادی مقصد کے لیے فلی مارکیٹس اور چند دیگر مخصوص قسم کی فلی مارکیٹ کے پروگرام کا آغاز اور انعقاد کیا جا سکتا ہے۔

تبدیلیاں:

- ایسی کسی فلی مارکیٹ کی تجویز جس کی مدت 12 دنوں کے دورانیے سے زائد ہو، FACE اور متعلقہ مہتمم کو اس اسکول کے بہترین مفاد کو یقینی بنانے کے لیے اسکا لازمی جائزہ لینا چاہئیے۔
- ایک انجمنِ والدین جو ایک فلی مارکیٹ کے ذریعے حصولِ سرمایہ کرتی ہے اسکی اطلاع دینے کے ذمہ داریوں میں ترمیم کی گئی ہے۔
- اگر ایک انجمنِ والدین جو ایک فلی مارکیٹ کے ذریعے حصولِ سرمایہ کر رہی ہے اس ضابطے کے احتسابی ذمہ داریوں پر عمل درآمد نہیں کرتی ہے، فلی مارکیٹ سے حاصل کردہ سرمایہ کو اس اسکول کے زیر انتظام ایک اکاونٹ میں جمع کرایا جا سکتا ہے۔
- محدود مدت کی فلی مارکیٹس جنہیں کسی مقابلہ جاتی درخواست (competitive solicitation) کی ضرورت نہیں ہوتی انکے دورانیے کی حد کو دس (10) دن فی تقویمی سال سے بڑھا کر بارہ (12) دن فی تقویمی سال کر دیا گیا ہے۔
- والدین کی انجمنوں پر مشتمل کارپوریشن کے لیے اس اسکول کے مقام پر ایک فلی مارکیٹ کو منعقد کیے جانے کے لیے عطا کردہ معاہدہ حاصل کرنے کے مقابلہ جاتی التماس کے طریقئہ کار سے استثناء کی دستیابی کو ختم کر دیا گیا ہے۔ کوئی بھی فلی مارکیٹ جسے کسی کلینڈر سال میں 12 دنوں سے زیادہ چلایا جائیگا ایک مقابلہ جاتی درخواست کی کارروائی کے ذریعے عطا کردہ ایک معاہدے کے تحت لازماً چلایا جانا چاہئیے۔

# چانسلر کا ضابطہ

Department of Education

نمبر: A-650
موضوع: فلی مارکیٹ
زمرہ: طلبا
جاری کردہ: 29 جون، 2009

خلاصہ

اس ضابطے کا مقصد پبلک اسکولوں کے لیے انکے سرمائے میں اضافہ کرنے کے مواقع میں توسیع کرنا ہے۔ یہ ضابطہ ان شرائط کو قائم کرتا ہے جن کے تحت نیویارک شہر محکمئہ تعلیم ("DOE") کی املاک پر پبلک اسکولوں کے مفاد کے بنیادی مقصد کے لیے حصولِ سرمایہ کے لیے فلی مارکیٹس اور شہری مارکیٹس کا آغاز اور انعقاد کیا جا سکتا ہے۔ اس ضابطے کا اطلاق صرف یہاں واضح کردہ فلی مارکیٹس اور شہری مارکیٹ کے پروگراموں پر لاگو ہوتا ہے۔ اسکول کی تمام دیگر حصولِ سرمایہ کی سرگرمیاں چانسلر کے قابل اطلاق ضابطوں کے تحت جاری رہیں گی۔

## I. تعارف

A. اس ضابطے کا مقصد اس کاروائی کی واضح طور پر تشریح کرنا ہے جس کے تحت کفالت کرنے والی (اسپانسرنگ) والدین کی انجمنیں فلی مارکیٹس چلا (آپریٹ) سکتی ہیں یا فلی مارکیٹس چلانے کا معاہدہ کر سکتی ہیں۔

B. ایک فلی مارکیٹ یا شہری مارکیٹ پروگرام کے انعقاد کے مقصد کے لیے محکمئہ تعلیم کی املاک کا استعمال کرنا ممنوع ہو گا ماسوائے کہ اس فلی مارکیٹ یا شہری مارکیٹ پروگرام کا اس ضابطے کے قابل اطلاق دفعات کے تحت آغاز اور انعقاد کیا جائے۔

C. نجی اداروں کے مفاد کے لیے، بشمول فروخت کنندگان اور فلی مارکیٹ چلانے والوں کے، فلی مارکیٹس کے کسی بھی دورانیے یا کسی بھی شہری مارکیٹ پرگراموں کے انعقاد کے مقصد کی لازمی وجہ نیویارک شہر پبلک اسکول (اسکولز) کو ایسی فلی مارکیٹس یا شہری مارکیٹ پروگراموں سے فائدہ پہنچانا مقصود ہونا چاہئیے، ورنہ محکمئہ تعلیم اپنی املاک کو استعمال کرنے کی اجازت نہیں دیگا۔

D. ابتدائی طور پر، اور کسی بھی معاہدے کے دورانیے کی تجدید سے قبل، کفالت کرنے والی انجمنِ والدین پر لازم ہے کہ محکمئہ تعلیم کے دفتر برائے خاندانی اور اجتمائی عطائے اختیار ("FACE") کے مرکزی شعبے میں 12 دنوں سے زائد دوانیے کی ایک فلی مارکیٹ منعقد کرنے کی منظوری کے لیے ایک تجویز فراہم کرے یہ یقینی بنانے کے لیے کہ یہ اس اسکول کے بہترین مفاد میں ہے۔

## II. **شرائط کی وضاحت**

A. فلی مارکیٹس

" فلی مارکیٹ" کی اصطلاح کا مطلب ایک مالی مہم جوئی ہے، جو محکمئہ تعلیم کی املاک پر اسکول نہ ہونے کے اوقات میں منعقد کی جاتی ہیں، جس میں نجی فروخت کنندگان سامان / خدمات بیچتے ہیں، جہاں ان فروخت کنندگان سے محکمئہ تعلیم کی املاک استعمال کرنے کی فیس اور / یا فروخت کی آمدنی میں سے رقم کفالت کرنے والی انجمنِ والدین کو نیویارک شہر پبلک اسکول (اسکولز) کو بطور عطیہ دے دی جاتی ہے۔

B. **شہری مارکیٹس**

مالی مہم جوئیاں جو "فلی مارکیٹ" کی مذکورہ بالا وضاحت کے زمرے میں آتی ہیں، مگر جو اس کے علاوہ سماجی فوائد بھی فراہم کرتی ہیں اور جنہیں مئیر کے تنظیمی حکم نامے کے تحت قائم کردہ تنظیمیں چلاتی ہیں (جیسے گرین مارکیٹس جنہیں کاونسل برائے نیویارک شہر ماحولیات چلایا جاتا ہے)، اب سے انہیں مجموعی طور پر بطور "شہری مارکیٹ پروگرامز" کہا جائیگا۔

C. کفالت کرنے والی انجمنِ والدین

"کفالت کرنے والی انجمنِ والدین" کی اصطلاح کا مطلب ایک یا زیادہ والدین کی انجمنیں ہے جیسے کہ چانسلر کا ضابطہ A-660 میں قائم کیا گیا ہے، جس کی نیت نیویارک شہر پبلک اسکولوں کو فائدہ پہنچانے کے لیے سرمایہ حاصل کرنا ہے بذریعہ: 1) محکمئہ تعلیم کی املاک پر ایک فلی مارکیٹ یا شہری مارکیٹ پروگرام کا چلانا؛ یا 2) یا ایک نجی فروخت کنندہ سے محکمئہ تعلیم کی املاک پر ایک فلی مارکیٹ چلانے کا معاہدہ کرنا۔ اس اصطلاح کی اس ضابطے کے علاوہ کوئی قانونی یا دیگر حیثیت نہیں ہے۔

## III. **ایک سے لیکر بارہ دنوں کے دورانیے کے لیے فلی مارکیٹس چلانے کے طریقہ ہائے کار**

A. محکمئہ تعلیم کی املاک کو ہر سال ایک سے لیکر بارہ (12) دنوں تک استعمال کرنے کی درخواست کو لازماً ذیلی طریقئہ کار کے تحت دیا جانا چاہیئے:

1. ایک کفالت کرنے والی انجمنِ والدین کو ان محدود دورانیے کی فلی مارکیٹس کے لیے ایک مقابلہ جاتی درخواست جاری کرنا مطلوب نہیں ہوگا۔
2. ایک کفالت کرنے والی انجمنِ والدین یا تو والدین رضاکاران استعمال کر سکتے ہیں یا پھر اس فلی مارکیٹ کو چلانے کے لیے ایک نجی ادارے کی خدمات حاصل کر سکتے ہیں۔
3. اس فلی مارکیٹ کو کسی نجی ادارے کے ذریعے چلانے کا کام ایک معاہدے کے نفاذ سے مشروط ہے جو اس ضابطے کے جُز IV میں قائم کردہ مطلوبات سے مضبوطی سے ہم آہنگ ہے۔
4. ایک کفالت کرنے والی انجمنِ والدین کو ایک مختصر اور جامع تحریری بیان تیار کرنا لازمی ہے جو وضاحت کرے کہ اس فلی مارکیٹ سے حاصل کردہ سرمایہ کو کس طرح استعمال کیا جائیگا اور اسے منظوری کے لیے اسکول (اسکولز) کے پرنسپل (پرنسپلز) کے پاس جمع کرائے جو اس فلی مارکیٹ کی میزبانی کرنے والے ہیں اور / یا اس کی آمدنی میں حصہ دار ہونگے۔ ہر پرنسپل کی تحریری منظوری حاصل کرنے کے بعد، کفالت کرنے والی انجمنِ والدین پر لازم ہے کہ تحریراً ایک درخواست متعلقہ مہتمم اور FACE کے پاس جمع کرائے۔
5. مہتمم یا FACE کو مزید دستاویزات کی ضرورت ہو سکتی ہے تاکہ تعین کیا جا سکے کہ آیا فروخت کنندہ (فروخت کنندگان) / فلی مارکیٹ چلانے والا (والے) (آپریٹر) کے نفع سے نیویارک شہر پبلک اسکولز کو واقعتاً فائدہ پہنچے گا۔
6. فلی مارکیٹس کے تمام فروخت کنندگان کے پاس موزوں لائسنس اور رجسٹریشن کا ہونا لازمی ہے۔
7. ایک کفالت کرنے والی انجمنِ والدین پر لازم ہے کہ اس فلی مارکیٹ سے متعلق حاصل کردہ تمام رقوم یا بطور حق حاصل کردہ رقوم (رائیلٹیز) کو چانسلر کا ضابطہ A-660 میں قائم کردہ پالیسیوں اور طریقہ ہائے کار کے تحت بجٹ بنائے اور خرچ کرے۔

## IV. **بارہ دنوں سے زائد دنوں کے دورانیے کی فلی مارکیٹس کا مقابلہ جاتی درخواست طریقِ کار کے ذریعے چلائے جانا / تجویز کی درخواست ("RFP")**

A. ایک کفالت کرنے والی انجمنِ والدین جو ہر سال بارہ (12) دنوں سے زائد ایک فلی مارکیٹ چلانا چاہتی ہے اس پر لازم ہے کہ ایک مقابلہ جاتی درخواست کی کاروائی کے استعمال کے ذریعے ایک فلی مارکیٹ چلانے والے

(the "operator") کی خدمات حاصل کرے۔ کفالت کرنے والی انجمنِ والدین پر لازم ہے کہ پہلے ایک مختصر اور جامع، تحریری بیان تیار کرے جس میں وضاحت ہو کہ کس طرح اس فلی مارکیٹ سے حاصل کردہ سرمایہ کو استعمال کیا جائیگا اور اسے اسکول (اسکولوں) کے پرنسپل (پرنسپلز) کی منظوری کے لیے جمع کرایا جائے جو اس فلی مارکیٹ کی میزبانی کرینگے اور / سرمایہ یا بطور حق حاصل کردہ رقوم میں حصہ دار ہونگے۔ پرنسپل کی ہر تحریری منظوری حاصل کرنے کے بعد، کفالت کرنے والی انجمنِ والدین پر لازم ہے کہ تحریر میں ایک درخواست متعلقہ مہتمم اور FACE کے پاس جمع کرائے۔

B. مہتمم یا FACE کو مزید دستاویزات کی ضرورت ہو سکتی ہے تاکہ تعین کیا جا سکے کہ آیا فروخت کنندہ (فروخت کنندگان) / فلی مارکیٹ چلانے والا (والے) (آپریٹر) کے نفع سے نیویارک شہر پبلک اسکولز کو واقعتاً اسکا فائدہ پہنچے گا۔

C. اس کفالت کرنے والی انجمنِ والدین کو لازماً ایک RFP تیار کرنی چاہئیے جو عطا کیے جانے کے معیارات تشکیل دے۔

1. RFP واضح کریگا:

a. فلی مارکیٹ چلانے والے کی فلی مارکیٹ چلانے میں ذمہ داریاں؛

b. یہ کہ تجاویز کی بنیاد یا تو لازماً یکساں فیس پر یا پھر چلانے والے کی فلی مارکیٹ سے کُل آمدنی کی فیصد پر مبنی ہونا چاہئیے، ایسی صورت میں ایک تجویز پر اس وقت تک غور نہیں کیا جائیگا جب تک اس تجویز میں کفالت کرنے والی انجمنِ والدین کو ان کُل آمدنیوں سے ملنے والی کم سے کم ضمانت شدہ ڈالرز کی رقم کا بیان نہ ہو؛

c. یہ کہ اگر اس تجویز میں ایک کُل آمدنی کی فیصد شامل ہے، اس تجویز میں لازماً مکمل طور پر واضح ہونا چاہئیے کہ کُل امدنی دکھانے کے لیے ریکارڈز کس طرح تخلیق کیے جائینگے اور زیرِ استعمال رکھے جائینگے اور انہیں کفالت کرنے والی انجمنِ والدین اور محکمئہ تعلیم کے جائزے کے لیے دستیاب رکھا جائیگا؛ اور

d. یہ کہ کفالت کرنے والی انجمنِ والدین ایسے بولی لگانے والے کو معاہدہ عطا کریگی جس کی تجویز کفالت کرنے والی انجمنِ والدین کو زیادہ سے زیادہ ڈالر کی قطعی رقم ادا کرنے کی ضمانت دے سکے، کم از کم طور پر، ماسوائے کہ کفالت کرنے والی انجمنِ والدین یہ کام کسی دیگر اہلیت کے حامل بولی لگانے کو RFP میں درج مخصوص اضافی معیارات کی بنیاد پر عطا کر دے۔ کفالت کرنے والی انجمنِ والدین پر لازم ہے کہ تحریری طور پر، ایسے دیگر معیارات کی بنیاد پر عطا کیے جانے کی وجہ (وجوہات) بیان کرے۔

D. محکمئہ تعلیم کا شعبہ برائے معاہدے و خریداری اس RFP کی تشہیر سٹی ریکارڈ میں دس (10) تک کریگا۔

E. محکمئہ کا شعبہ برائے معاہدے و خریداری ایک تفویض کردہ تجویز کھولنے کی تاریخ پر ان سر بمہر تجاویز کو کھولے گا۔

F. کفالت کرنے والی انجمنِ والدین ان تجاویز کا جائزہ لے گی اور FACE کو ایک معاہدہ عطا کرنے کا ایک مشورہ دیگی۔

G. FACE معاہدہ عطا کرنے کی منظوری دیگا اور ایک درخواست برائے منظوری ("RA") چانسلر یا اسکے نامزد کردہ کو منظوری کے لیے بھیجے گا۔ اس RA میں لازماً درج ہونا چاہئیے کہ:

1. کفالت کرنے والی انجمنِ والدین کو کتنی تعداد میں تجاویز موصول ہوئیں؛ اور

2. اگر قابل اطلاق ہو، ایک اہلیت کا حامل بولی لگانے والا جو سب سے زیادہ ڈالرز کی قطعی رقم کی ضمانت دے رہا ہے اسکے علاوہ کسی اور بولی لگانے والے کو عطا کر دینے کی وجہ۔

H. جب ایک کفالت کرنے والی انجمنِ والدین مندرجہ بالا طریقہ ہائے کار کے تحت معاہدہ عطا کر دے اور جب ایسی عطا کو محکمئہ تعلیم اپنا لے، کفالت کرنے والی انجمنِ والدین کو ایک معیاری معاہدہ کرنا چاہیئے جو محکمئہ تعلیم کا دفتر برائے قانونی خدمات کفالت کرنے والی انجمنِ والدین کی جانب سے درخواست کرنے پر فراہم کرے گا۔ دفتر برائے قانونی خدمات کو کفالت کرنے والی انجمنِ والدین کی درخواست دینے کے ساتھ ایک معاہدے عطا کیے جانے کی RA منظوری کی ایک نقل لازماً منسلک کرنی چاہیئے۔ ایک چلانے والے کا محکمئہ تعلیم کی املاک پر ایک فلی مارکیٹ کے انعقاد میں شامل ہونے کے لیے ایک معیاری معاہدہ کیا جانا ایک اولین شرط ہے۔

I. فلی مارکیٹ چلانے والوں کے ساتھ معاہدوں کی مدت دو (2) سال ہوگی، جس میں دو (2) سال تک، ایک (1) سال کی دوبارہ توسیع کی جا سکتی ہے۔ بیان کردہ توسیعات کا استعمال کرنے کا استحقاق کفالت کرنے والی انجمنِ والدین کی صوابدید پر ہے۔ کفالت کرنے والی والدین کی انجمنوں اور فلی مارکیٹس چلانے والوں کے درمیان تمام معاہدوں میں یہ شرط موجود ہوگی کہ کفالت کرنے والی انجمنِ والدین کو یہ اختیار ہے کہ وجہ کی بنیاد پر کسی چلانے والے کا معاہدہ 90 دن یا اس سے قبل منسوخ کرنے کی اطلاع دے سکتا ہے۔

J. جہاں کہیں قابل عمل ہو، فلی مارکیٹ کا آغاز اور اختتام کے دورانیے کو محکمئہ تعلیم کے مالی سال کے ساتھ مطابقت رکھنا چاہیئے۔ یہ طے شدہ ہے کہ ایک فلی مارکیٹ سال کے وسط میں شروع ہو سکتی ہے؛ مگر، یہ معاہدہ 30 جون تک لازماً ختم ہو جانا چاہیئے۔

K. چلانے والے کی ذمہ داریوں میں حسب ذیل شامل ہیں:

1. کفالت کرنے والی انجمنِ والدین کو معاہدے میں درج شرائط کے تحت ادائیگی؛
2. تمام بُکس اور ریکارڈز اور دیگر متعلقہ دستاویزات کو سنبھال کر رکھنا جن میں فلی مارکیٹ سے متعلق تمام وصول کردہ آمدنیوں اور اخراجات کے ثبوت موجود ہوں۔ اگر اخراجات سے فلی مارکیٹ کے علاوہ اس چلانے والے کی کمپنی کو فائدہ پہنچتا ہے، مکمل قیمت کا لکھا جانا لازمی ہے اور اسے کفالت کرنے والی والدین کی انجمنوں اور محکمئہ تعلیم کے لیے دستیاب رہنا چاہیئے، اور اخراجات کو مختص کیے جانے کے طریقئہ کار کو ظاہر کرنا لازمی ہے؛
3. طلب کرنے پر، فلی مارکیٹ چلانے کے تمام ریکارڈز کفالت کرنے والی انجمنِ والدین یا محکمئہ تعلیم کے پاس جمع کرائے جانے چاہئیں؛
4. فلی مارکیٹ کے انتظام اور تنظیم کے تمام پہلو؛
5. ایک جامع تلافی برائے نقصان (کامپریہنسیو لائبلیٹی) بیمے کی حصولیابی اور انتظام جس میں کفالت کرنے والی انجمنِ والدین، نیویارک شہر محکمئہ تعلیم، اور نیویارک شہر کو بطور اضافی بیمہ شدہ فریقین گردانا جائے۔ ایسے بیمے کا تحفظ ایک ایسی بیمہ کمپنی سے حاصل کیا جائے جو نیویارک ریاست بیمہ محکمئہ سے لائسنس یافتہ ہو۔ اس بیمے کی مطلوبہ تحفظاتی رقم کا تعین شعبہ برائے اسکول سہولیات کفالت کرنے والی انجمنِ والدین کے ساتھ ملکر طے کریگا؛
6. فلی مارکیٹ کے مقام کے لیے تحفظ اور حفاظت؛
7. فلی مارکیٹ کے مقام کی صفائی جیسے کہ مقام کے نگران کا متعین کیا ہوا ہو؛
8. تمام قابل اطلاق اجازت ناموں کا حصول اور کسی بھی متعلقہ فیس کی ادائیگی بشمول نیو یارک ریاست محکمئہ ٹیکس اور مالیات کی جانب سے ایک پروموٹر کے اجازت نامے کے؛
9. اسے یقینی بنانا کہ تمام انفرادی فروخت کنندگان باقاعدہ لائسنس یافتہ اور مندرج ہیں؛
10. معاہدے پر دستخط کے وقت ایک زرِ ضمانت جمع کرانا جسکی مالیت ضمانت شدہ سالانہ ادائیگی کی رقم کے ایک چوتھائی (¼) کے مساوی ہو یا ایک کارکردگی کی ضمانت ( پرفارمنس بونڈ) جسکی مالیت ضمانت شدہ سالانہ ادائیگی کی رقم کے ایک چوتھائی (¼) کے مساوی ہو۔ مخصوص حالات میں،

درخواست دینے پر اس شرط سے استثناء دیا جا سکتا ہے۔ بتائی گئی زرِ ضمانت یا کارکردگی کی ضمانت کو، چلانے والے کی کسی عدم پیروی کی صورت میں بطور نقصان کا ادا شدہ ہرجانہ گردانا جائیگا؛

11. جگہ کی تمام فیسوں کی ادائیگی؛
12. کفالت کرنے والی انجمنِ والدین کو فروخت کنندگان کے ناموں اور معاہدے کی معلومات کی سالانہ بنیاد پر فراہمی؛
13. ایک کفالت کرنے والی انجمنِ والدین پر لازم ہے کہ اس فلی مارکیٹ سے ملنے والی تمام رقوم یا بطور حق حاصل کردہ رقوم کو مالی دستی کتابچہ برائے والدین میں بیان کردہ پالیسیوں اور طریقئہ کار اور چانسلر کا ضابطہ A-660 کے تحت اور ذیل کے مطابق بجٹ بنائے اور اخراجات کرے:
    - حالیہ تعلیمی سال کے لیے ایک مفصّل بجٹ سازی (اخراجات کی منصوبہ بندی)۔ اگر فلی مارکیٹ کی کاروائی میں حالیہ تعلیمی سال کے دوران تخمینہ لگائے گئے اخراجات کو مکمل طور پر خرچ نہیں کیا جانا ہے، والدین کو دی جانے والی اطلاعات میں طویل مدتی اخراجات کی منصوبہ بندی شامل ہونا چاہئیے؛ اور
    - انفرادی انجمنِ والدین کا ایسے بجٹ کو متعلقہ پرنسپل اور FACE کو جمع کرا کے منظوری لینا ہوگی؛ اور
    - والدین کی جمیعت (پیرنٹ باڈی) کے پاس ہر تعلیمی سال کے شروع ہونے پر اس منظور شدہ بجٹ کو جمع کرانا ہوگا۔

L. اگر کوئی مالک، بورڈ آف ڈائریکٹرز کا رکن، یا ایک فلی مارکیٹ چلانے والے کا کُل وقتی ملازم جس نے اس RFP کے جواب میں ایک تجویز جمع کرائی ہے اس اسکول کے موجودہ یا حالیہ طالب علم کا قریبی رشہ دار ہے جسے اس فلی مارکیٹ کی کاروائی سے فائدہ حاصل ہو رہا ہے، ان میں شامل والدین کی انجمن (انجمنیں) اس RFP کے جائزہ کمیٹی میں باضابطہ شرکت نہیں کر سکتیں۔ تین (3) تک والدین نمائندگان، جس میں ہر حصہ لینے والے اسکول کی جانب سے ایک نمائندہ سے زیادہ نہیں، RFP جائزہ کمیٹی کی بحث و مباحثے میں شامل ہو سکتا ہے اور اس RFP کی جائزہ کیمٹی میں بحیثیت ایک ووٹ نہ ڈالنے کے اراکین کے سوالات جمع کرا سکتا ہے۔ "قریبی رشتہ دار" کا مطلب والدین، شریکِ حیات، بچہ، بھائی، بہن، آنٹ، انکل، بھانجی بھتیجی، بھانجا بھتیجا، جدی والدین، بچوں کے بچے، یا ان میں سے کسی کے شریکِ حیات یا بچہ ہے۔ اسکے علاوہ، اگر کسی فلی مارکیٹ چلانے والے کو مقابلہ جاتی درخواست کی کاروائی کے ذریعے منتخب کر لیا جاتا ہے، اور کفالت کرنے والی انجمنِ والدین کے اراکین نے اس RFP جائزہ کمیٹی میں خدمت انجام دی ہے، اس فلی مارکیٹ سے فائدہ اٹھانے والے اسکولوں میں سے کسی بھی موجودہ یا حالیہ طالب علم کا قریبی رشتہ دار مالکان، منتظمین بورڈ کے اراکین، یا منتخب فلی مارکیٹ چلانے والے کے کل وقتی ملازمین نہیں ہو سکتے جبکہ اس ادارے سے فلی مارکیٹ چلانے کا معاہدہ طے ہو چکا ہے۔ جیسے کہ اس پیراگراف میں استعمال کیا گیا ہے، "حالیہ طالب علم" کا مطلب وہ طالب علم ہے جو RFP انتخابی کاروائی کے دوران اس اسکول میں جاتا تھا مگر اب اس اسکول میں نہیں جاتا۔

## V. احتساب، اندرونی جانچیں اور تمام فلی مارکیٹ چلانے والوں پر نظر رکھنا دورانیے اور چلانے کے طریقے سے قطع نظر

A. اسکولوں کے پرنسپلز کو جنکے والدین کی انجمنیں ایک کفالت کرنے والی والدین کی انجمن کے رکن ہیں، انجمنِ والدین کے بحث و مباحثے میں لازماً شامل کیا جانا چاہئیے اور انہیں ایک فلی مارکیٹ چلانے سے حاصل کردہ رقوم یا بطور حق حاصل کردہ رقوم کے استعمال پر متفق ہونا چاہئیے۔

B. حاصل کردہ آمدنی اور اخراجات کی رپورٹس، سند یافتہ آڈٹس اور جائزے کے مقاصد کے لیے، مالی سال 1 جولائی سے شروع ہوتا ہے اور 30 جون کو ختم ہوتا ہے۔ حاصل کردہ رقم اور اخراجات کو ایک سلسلہ وار بنیاد پر رپورٹ ہونا چاہئیے۔

C. فلی مارکیٹ چلانے والا، چاہے کوئی کفالت کرنے والی انجمنِ والدین ہو یا کوئی نجی ادارہ، (ان فلی مارکیٹس کے لیے جو سالانہ بارہ دنوں سے کم چلائی جاتی ہیں) انہیں بشمول تمام نقد اور ادائیگیوں کی اصلی رسیدوں کے لازماً ضمنی دستاویزات سنبھال کر رکھنا چاہیئے۔

D. ایک فلی مارکیٹ چلانے والے کی جانب سے ایک کفالت کرنے والی انجمنِ والدین کو ادا کی گئی رقم کو کفالت کرنے والی انجمنِ والدین کے ایک بینک اکاونٹ میں جمع کرانا لازمی ہے اور کفالت کرنے والی انجمنِ والدین کی نقد رسیدوں کے کھاتے میں الگ سے ریکارڈ کیا جانا چاہیئے اور اسکی نشاندہی اسکے مالی بیانیوں میں ہونا چاہیئے۔ اگر اس شق کے تحت فلی مارکیٹ سے حاصل کردہ سرمائے کو کھاتوں میں نہیں لکھا گیا، FACE کو استحقاق حاصل ہے کہ ایسی رقوم کو دیکھ بھال کے لیے حسب ذیل کے مطابق اسکول (اسکولوں) کے اکاونٹ میں جمع کرا دے:

- چلانے والا (آپریٹر) اس کفالت کرنے والی انجمنِ والدین کے نام ادائیگی کا ایک چیک لکھے گا؛
- چلانے والا یہ چیک پرنسپل کے حوالے کریگا؛
- اس کفالت کرنے والی انجمنِ والدین کے افسران جنہیں چیکس پر دستخط کرنے کا اختیار ہے اسکول اکاونٹ میں اس چیک کو جمع کریں گے۔
- ان رقوم سے صرف کفالت کرنے والی انجمنِ والدین سے مشاورت اور محکمہ کے معیاراتی عملی طریقئہ کار کتابچے کے عام اسکول فنڈز چیپٹر کی مطابقت میں ہی خرچ کیے جا سکتے ہیں۔
- یہ اسکول متعلقہ بینک اکاونٹ کے ریکارڈز اور اخراجات سے متعلقہ دستاویزات کو کفالت کرنے والی انجمنِ والدین کے لیے دستیاب رکھے گا۔

E. سالانہ سند یافتہ آڈٹ / مالی بیانیہ

1. تمام فلی مارکیٹس قطع نظر ان کے دورانیے کے، چلانے والا اور کفالت کرنے والی انجمنِ والدین کو 30 جون کو ختم ہونے والے مالی سال کے لیے ہر تین سال بعد متعلقہ مالی ریکارڈز کا ایک سند یافتہ آڈٹ لازماً کرانا چاہیئے، ماسوائے اگر دفتر برائے آڈیٹر جرنل (OAG) نے حسب ذیل کے تحت اسکی استثناء دی ہو۔ درمیانے سالوں میں، ایک خودمختار اکاونٹنٹ لازماً ایک تشخیص کرے۔
2. اگر OAG چاہے تو اپنی صوابدید پر ان فلی مارکیٹس کے سندیافتہ آڈٹس کے مطلوبات سے استثناء دے سکتا ہے جنکی سالانہ آمدنی $100,000 سے کم ہو۔ تاہم، اگر ایسے مطلوبات سے استثناء مل جائے، سند یافتہ آڈٹ کی جگہ ایک خودمختار اکاونٹنٹ کی ایک تشخیص درکار ہوگی۔
3. یہ ایک نجی چلانے والے کی ذمہ داری ہے کہ ایک سند یافتہ آڈٹ کے نتیجے میں حاصل کردہ رپورٹس یا جائزہ اس کفالت کرنے والی انجمنِ والدین کو جمع کرائے۔ کفالت کرنے والی انجمنِ والدین کی ذمہ داری ہے کہ ان رپورٹس کو حاصل کرے اور انہیں مہتمم یا انکے نامزد کردہ، والدین کی جمیعت، OAG اور FACE کو مالی سال ختم ہونے کے چار (4) مہینے (31 اکتوبر) تک جمع کرا دے۔ محکمہ ایسی تمام رپورٹس کا آڈٹ کرا سکتا ہے۔
4. جہاں اس رپورٹ کرنے کے دورانیے کے دوران اس فلی مارکیٹ میں ایک سے زیادہ چلانے والے ہیں، ہر ایک کو لازماً انکی کارگزاری کے دورانیے کی ایک رپورٹ جمع کرانی ہوگی۔ کفالت کرنے والی انجمنِ والدین کو لازمی طور پر ہر چلانے والے کی آمدنی کی علیحدہ نشاندہی کرنی چاہیئے۔
5. اگر مطلوبہ رپورٹس جمع نہیں کرائی گئیں، FACE کو لازماً یہ ہدایت کرنی چاہیئے کہ اس کفالت کرنے والی انجمنِ والدین کے حاصل کردہ سرمائے کو محکمہ کے معیاراتی عملی طریقئہ کار کتابچے کے عام اسکول فنڈز چیپٹر کی مطابقت میں، مندرجہ بالا سیکشن V.D میں خط کشیدہ طریقئہ کار کی پیروی کرتے ہوئے اسے اس اسکول کے ایک علیحدہ بینک اکاونٹ میں جمع کرا دیا جائے۔
6. سہ ماہی رپورٹس

a. بارہ (12) دن یا کم دورانیے کے فلی مارکیٹس کے لیے آمدنی اور اخراجات کی سہ ماہی رپورٹس درکار نہیں ہے۔ تاہم، ایسی سرگرمیوں سے حاصل شدہ آمدنی اور اخراجات کی نشاندہی ہونی چاہئیے اور انہیں والدین کی انجمنوں کی عارضی اور سالانہ مالی بیانیوں میں رپورٹ ہونا چاہئیے جو اس کفالت کرنے والی انجمنِ والدین کے اراکین ہیں۔

b. بارہ (12) دن یا زیادہ دورانیے کے فلی مارکیٹس کو، کفالت کرنے والی انجمنِ والدین اور کارگزار دونوں کو FACE کے فراہم کردہ تحریری خا کے میں لازماً سہ ماہی آمدنی اور اخراجات کی رپورٹس جمع کرانی چاہئیے۔ حاصل کردہ رقم اور اخراجات کو سلسلہ وار کی بنیاد پر رپورٹ ہونا چاہئیے۔ اگر اس سہ ماہی کے دوران کوئی کاروبار نہیں کیا گیا، اس کے بارے اس فارم میں لازماً رپورٹ کیا جانا چاہئیے۔ ان رپورٹس کو FACE کو سہ ماہی کے دورانیے کے اختتام سے ایک مہینے قبل جمع کرا دینا چاہئیے۔

c. جہاں اس رپورٹ کرنے کے دورانیے کے دوران اس فلی مارکیٹ کو ایک سے زیادہ ادارے چلا رہے ہیں، ہر ایک کو لازماً انکے چلانے کے دورانیے کی ایک رپورٹ جمع کرانی ہوگی۔ کفالت کرنے والی انجمنِ والدین کو لازمی طور پر ہر چلانے والے کی آمدنی کی علیحدہ نشاندہی کرنی چاہئیے۔

d. اگر مطلوبہ سہ ماہی کی آمدنی اور اخراجات کی رپورٹس جمع نہیں کرائی گئیں، FACE ہدایت دے سکتا ہے کہ کفالت کرنے والی انجمنِ والدین کے فلی مارکیٹ سے حاصل کردہ رقوم کو محکمہ کے معیاراتی عملی طریقئہ کار کتابچے کے عام اسکول فنڈز چیپٹر کی مطابقت میں، مندرجہ بالا سیکشن V.D میں خط کشیدہ طریقئہ کار کی پیروی کرتے ہوئے اس اسکول کے ایک علیحدہ بینک اکاونٹ میں جمع کرا دی جا ئے۔

7. سرما ئے کا استعمال

ایک کفالت کرنے والی انجمنِ والدین جو ایک فلی مارکیٹ یا شہری مارکیٹ پروگرام کو ایک اجتمائی اسکول ضلع کے اسکول کے احاطے میں منعقد کر رہی ہے وہ اس مارکیٹ سے حاصل کردہ آمدنی کو دیگر پبلک اسکولوں کے فائدے کے لیے استعمال کر سکتی ہے جو اسی ضلع کے دائرے کار میں واقع ہیں۔ ایک کفالت کرنے والی انجمنِ والدین جو ایک فلی مارکیٹ یا شہری مارکیٹ پروگرام کو ایک پبلک اسکول کے احاطے میں چلا رہی ہے وہ اس مارکیٹ سے حاصل کردہ آمدنی کو دیگر پبلک اسکولوں کے فائدے کے لیے استعمال کر سکتی ہے جو اسی برو میں واقع ہیں۔ ایک کفالت کرنے والی انجمنِ والدین جو ایک فلی مارکیٹ یا شہری مارکیٹ پروگرام کو ایک پبلک شہرگیر خاص تعلیمی اسکول کے احاطے میں چلا رہی ہے وہ اس مارکیٹ سے حاصل کردہ آمدنی کو دیگر شہرگیر خاص تعلیمی اسکولوں کے فائدے کے لیے استعمال کر سکتی ہے جو اسی برو میں واقع ہیں۔

## VI. فلی مارکیٹس یا شہری مارکیٹ پروگراموں میں حصہ لینے والے قابل اعتراض فروخت کنندگان کو برطرف کرنے کا طریقئہ کار

A. اگرایک کفالت کرنے والی انجمنِ والدین یہ فیصلہ کرتی ہے کہ کوئی فروخت کنندہ اپنے طرزعمل یا کردار یا اس فروخت کنندہ کے بیچے جا نے والے اور / یا سامان اور خدمات کی نوعیت کی وجہ سے قابل اعتراض ہے، ایک کفالت کرنے والی انجمنِ والدین کو اختیار حاصل ہے اور اسکی ذمہ داری ہے کہ اس فروخت کنندہ کو کسی فلی مارکیٹ یا شہری مارکیٹ پروگرام میں حصہ لینے سے برطرف کرنے کا حکم دے۔

B. کسی کفالت کرنے والی انجمنِ والدین کا حکم کہ ایک چلانے والا اس فروخت کنندہ کو کسی فلی مارکیٹ یا شہری مارکیٹ پروگرام میں حصہ لینے سے برطرف کر دے اسکے بعد فوراً ایسے فروخت کنندہ کو فلی مارکیٹ یا شہری مارکیٹ پروگرام میں حصہ لینے سے روک دیا جائیگا۔ تاہم، اگر اس فروخت کنندہ یا فروخت کنندہ کا سامان اور خدمات افراد یا املاک کے لیے خطرہ کا باعث نہیں ہیں، کفالت کرنے والی انجمنِ والدین اس فروخت کنندہ کو دوبارہ اس فلی مارکیٹ یا شہری مارکیٹ میں حصہ لینے کی اجازت اگلے کاروباری دن دے

سکتی ہے اگر قابل اعتراض طرزعمل کو ختم کر دیا گیا ہے، سامان اور / یا خدمات کو ہٹا دیا گیا ہے اور فروخت کنندہ اسکا وعدہ کرے کہ ایسا سامان یا خدمات کو اس فلی مارکیٹ یا شہری مارکیٹ میں دوبارہ واپس نہیں لائیگا۔

C. ایک کفالت کرنے والی انجمنِ والدین کا کسی فروخت کنندہ کو فلی مارکیٹ یا شہری مارکیٹ میں حصہ لینے سے برطرف کیے جانے کے خلاف برطرف کردہ فروخت کنندہ ذیلی طریقئہ کار کے مطابق اپیل کر سکتا ہے:

- اگر وہ فلی یا شہری مارکیٹ پروگرام جس میں یہ فروخت کنندہ حصہ لے رہا تھا ایک اجتمائی اسکول ضلعی اسکول، شہرگیر خاص تعلیم اسکول یا ہائی اسکول کے احاطے میں واقع ہے، یہ فروخت کنندہ پہلے FACE سے اپیل کر سکتا ہے؛
- اگر FACE کا فیصلہ اس فروخت کنندہ کے خلاف آتا ہے، فروخت کنندہ محکمہ برائے معاہدے اور خریداری کے منتظم اعلٰی سے اس فیصلے کے خلاف اپیل کر سکتا ہے۔
- ایک اپیل کے زیرغور ہونے کے دوران، اس فروخت کنندہ کو اس فلی مارکیٹ یا شہری مارکیٹ پروگرام سے روک دیا جائیگا جہاں سے اسے برطرف کیا گیا ہے۔

## VII. اجازت نامے کی منسوخی

اس ضابطے کے دفعات کو نافذ کرنے کے لیے چانسلر یا اسکا نامزد کردہ اجازت نامے کی منسوخی کو استعمال میں لائے گا۔

## VIII. استفسارات

اس ضابطہ سے متعلق استفسارات کو اس پتے پر بھیجنا چاہیے:

Office of Family and Community Empowerment

N.Y.C. Department of Education

49 Chambers Street – Room 503

New York, NY 10007

ٹیلیفون: 212-374-2323

فیکس: 212-374-0076